پندرہ روزہ

الہلال

ٹورانٹو ۔ کنیڈا

قیمت ۵۰ سینٹ

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

۲۵ مئی ۱۹۸۴
۲۳ شعبان ۱۴۰۴

شمارہ نمبر ۵
جلد نمبر ۱۳



اللہ کی رمضان رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ

اے ایمان والو! تم پر روزے
فرض کیے گئے ہیں جس طرح
ان لوگوں پر فرض کیے گئے
تھے جو تم سے پہلے تھے تاکہ
تم پرہیزگار بن جاؤ۔ یہ روزے
گنتی کے چند دن ہیں

تحریر: مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی
ترتیب: محمد یوسف

[illegible]

صرف وہی شخص رکھے گا جسے اللہ کا ڈر ہوگا!



[illegible]

(بشکریہ ترجمان القرآن)

امرتسر پٹیالہ اور جالندھر میں کرفیو ، سکھوں کی املاک کو تباہ کر دیا

نیم فوجی دستے جالندھر بھیج دیئے گئے، کرفیو کی خلاف ورزی پر گولی مارنے کا حکم ، ہریانہ اور ہماچل پردیش میں ہڑتال

ہریانہ میں ہندو سکھ فساد ، ہندوؤں کی توڑ پھوڑ

ایڈیٹر کے قتل پر احتجاج ، سکھ انتہا پسند گروپ نے ذمہ داری قبول کر لی

منشیات کے خلاف قرارداد پیش کرنے پر مسلح افراد نے مسجد پر حملہ کر دیا

چار افراد شدید زخمی ہو گئے دو کی حالت نازک ہے، حملہ آور اس سے پہلے بھی حملہ کر چکے ہیں

کراچی — داستان پور لطیف آباد ...

ڈاکوؤں نے جئے سندھ کے نعرے لگائے

کراچی — ...



سکھ جلوس میں زخمی ہونے والے افراد

قادیانی مسلمان ہو جائیں یا اقلیت کا درجہ قبول کر لیں صدر ضیاء

آرڈیننس کی خلاف ورزی پر سخت کارروائی کی جائے گی

روسی فوج وادی پنجشیر میں کیمیاوی اسلحہ استعمال کر رہی ہے

واشنگٹن — (ریڈیو رپورٹ) روس نے وادی پنجشیر میں ...

مرزا طاہر کو انٹرپول کے ذریعہ واپس منگوایا جائے عبدالستار نیازی

قادیانیوں کو کلیدی عہدوں سے برطرف کیا جائے اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات پر عمل کیا جائے

خادم سازی پارلیمنٹ کے قیام سے ملک کو نقصان پہنچے گا۔ سندھ میں احساس محرومی کی بات درست نہیں برکات احمد

نواب زادہ نصر اللہ خان کو

ایم آر ڈی کا کنوینر چن لیا گیا

افغان بھی زندہ ہے تو وادی پنجشیر میں مزاحمت جاری رہے گی عبدالرحیم

Let our experience serve you to
Perform Hajj/Umra this year

HAJJ SCHEDULE FOR
1404/1984

We offer three convenient plans suitable for your personal needs/requirement

Plan I .... 2 (Two) Weeks' stay in Kingdom
Plan II .... 3 (Three) Weeks' stay in Kingdom
Plan III .... 4 (Four) Weeks' stay in Kingdom

Stay in Medina Manuwwara

Plan I .... 8 (Eight) Days
Plan II .... 1 (One) Day
(Discount for 1 Day stay only US$100)

Final Arrival Dates in Jeddah

Batch I .... August 17, 1984
Batch II .... August 24, 1984

Food .... Throughout Stay

Facilities provided

Transportation from
Jeddah .... to .... Makkah
Makkah .... to .... Medina
and back to .... Jeddah

Accommodation

Makkah, Medina, Muna, Arafat & Muzdalefa

Guides .... English/Arabic

Total Amount/person: US$1500
(Including One lamb Qurbani)

Childern under 5 .... Free
6 - 10 years .... US$300
11 - 15 year .... US$600

Plan # 1: Airfare between Toronto-New York-Jeddah (Return) by Alia, the Royal Jordanian Airline.

US$900

(Please inquire about our rates for Toronto-Jeddah-Karachi or Toronto-Jeddah-Bombay (return) as well)

For further inforamtion contact:

Ata Hussain Moosavi
Canadian Expert Travel
740 Midland Ave, # 102
Scarborough, Ont. M1K 4E1

Phone: (416) 276-8330

پندرہ روزہ
الہلال
سٹوڈنٹس ٹولینڈ

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ۔
سنو! اللہ کے دوستوں کو نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ غم ہوگا۔ (القرآن)

مسجدِ اقصیٰ کو تباہ کرنے کی سازشیں

مسجدِ اقصیٰ (قبلۂ اول) کو تباہ کرنے کی ایک اور سازش کا انکشاف ہوا ہے۔ اس سلسلے میں اسرائیلی ریڈیو اور بعض دوسرے ذرائع سے جو ابتدائی اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان کے مطابق صیہونی دہشت پسندوں کے ایک گروپ نے مسجدِ اقصیٰ اور گنبدِ صخریٰ کو بمباری کرکے تباہ کرنے کا منصوبہ بنایا تھا۔ اس مقصد کے لیے ایک ہیلی کاپٹر مہیا کرنے کے انتظامات بھی کر لیے گئے تھے۔ اس سلسلے میں اسرائیلی فضائیہ کے ایک سابق افسر کا تعاون بھی حاصل کیا گیا تھا۔

مسجدِ اقصیٰ کو تباہ کرنے کی یہ کوئی پہلی کوشش نہیں ہے۔ ۱۹۶۹ء میں آتشزنی کے ذریعے مسلمانوں کے قبلۂ اول کو تباہ کرنے کی سازش کے بعد جو پوری طرح کامیاب نہیں ہو سکی تھی صیہونی اس ناپاک مقصد کے لیے نئی نئی سازشیں تیار کرتے رہے ہیں۔ حال ہی میں بم رکھ کر مسجدِ اقصیٰ کو تباہ کرنے کی ایک سے زائد کوششوں کا بروقت پتہ چلا کر انہیں ناکام بنایا جا چکا ہے۔

اس صورتحال سے یہ بات بخوبی واضح ہوتی ہے کہ صیہونی یہودی مسلمانوں کے قبلۂ اول کو تباہ کرنے کی کوششوں میں مسلسل اور مستقل طور پر مصروف ہیں۔ ان کی یہ کوششیں کسی بھی وقت کامیاب ہو سکتی ہیں اور مسجدِ اقصیٰ کو ۱۹۶۹ء میں جو نقصان پہنچا تھا اس سے بھی زیادہ نقصان پہنچ سکتا ہے۔ صیہونیت نے دو اٹل فیصلے کر رکھے ہیں ایک بیت المقدس کو عظیم تر اسرائیل کا دارالحکومت بنانے کا اور دوسرے القدس میں ہیکلِ سلیمانی کی تعمیر کا۔ یہ دونوں کام صیہونیت کے نزدیک مقصدِ منتہا کی حیثیت رکھتے ہیں۔ صیہونیت نے یہودیوں کے ذہن میں یہ بات بٹھا رکھی ہے کہ مسجدِ اقصیٰ ہیکلِ سلیمانی کی بنیادوں پر تعمیر کی گئی ہے، اسی لیے مسجدِ اقصیٰ کے قرب و جوار میں مسلسل کھدائیاں کی جاتی رہیں، جس کے خلاف مسلمان بار بار احتجاج کرتے رہے۔ اسرائیلیوں کا مقصد مسجدِ اقصیٰ کو کسی بڑے حادثے سے دوچار کرکے اور اسے منہدم کرکے القدس میں ہیکلِ سلیمانی کی تعمیر کی گنجائش پیدا کرنا ہے۔

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس سنگین خطرے کا انسداد کس طرح ہو؟ ہمارے نزدیک مسجدِ اقصیٰ، گنبدِ صخریٰ اور دیگر مقدس مقامات کی حفاظت کی صرف ایک ہی مؤثر تدبیر ہے اور وہ مقبوضہ فلسطین سے اسرائیلی افواج کا انخلاء ہے۔ جب تک یروشلم کے مقدس شہر کو اسرائیل کے ناپاک قبضے سے آزاد نہیں کرا لیا جاتا اس وقت تک مسجدِ اقصیٰ کا محفوظ رہنا ممکن نہیں ہے۔

اس کے بعد لازمی طور پر دوسرا سوال یہ سامنے آتا ہے کہ اسرائیل کے ناپاک قبضے کو کس طرح ختم کیا جائے؟ اس سلسلے میں پہلے بھی ہم ان ہی کالموں میں یہ کہہ چکے ہیں کہ کانفرنسوں کے انعقاد اور کمیٹیوں کی تشکیل سے بیت المقدس کی بازیابی نہیں ہو سکتی، پر امن کوششوں اور امریکہ و روس کی مدد سے بھی یہ مقصد حاصل نہیں ہو سکتا۔ ۱۹۶۹ء سے لے کر اب پندرہ سال کا تجربہ یہی بتاتا ہے۔ بیت المقدس کو آزاد کرایا جا سکتا ہے تو وہ صرف طاقت کے ذریعے آزاد کرایا جا سکتا ہے اور یہ طاقت تمام مسلم ممالک اور مسلمانانِ عالم کی متحدہ طاقت ہے۔ ایک ہمہ گیر عوامی عالمی تحریک چلا کر ہی یہ طاقت حاصل کی جا سکتی ہے کیونکہ اکثر مسلم ممالک کی حکومتیں امریکہ کے زیرِ اثر ہیں یا روس کے اور یہ دونوں سپر پاور نہیں چاہتیں کہ اسرائیل کے جارحانہ قبضے ختم ہوں۔ صدر سادات کو ۱۹۷۳ء میں اسرائیل پر حملہ کرنے سے پہلے روسی ماہرین اور مشیروں کو نکال باہر کرنا پڑا تھا۔ مسلم حکومتوں کی اس بے بسی کے پیشِ نظر القدس کی بازیابی کے لیے ایک عالمی عوامی تحریک کا چلانا ضروری ہے۔ ایک ایسی تحریک ہی مسلم حکومتوں کو اسرائیل کے خلاف متحدہ کارروائیوں پر آمادہ کر سکتی ہے۔ جن میں اسرائیل کے خلاف جنگ بھی شامل ہے۔

عالمِ اسلام کے لاکھوں مسلمان القدس کے لیے خون بہانے کے لیے تیار ہیں لیکن ان کی راہ میں خود ان کی حکومتیں حائل ہیں۔ ہم عالمِ اسلام کے رہنماؤں اور علماء سے اپیل کریں گے کہ وہ القدس کی بازیابی کے لیے جہاد کی ایک عالمی تحریک شروع کریں اور تمام مسلم حکومتوں کو اس تحریک کے ساتھ تعاون کرنے پر آمادہ کریں۔ ہمارے نزدیک القدس کی بازیابی اور مسجدِ اقصیٰ کی حفاظت کا یہی ایک مؤثر ذریعہ ہے۔ اگر مسلمان اپنے فرض سے بدستور غافل رہے تو القدس پر اسرائیل کے قبضے کو نہ صرف ایک مستقل حیثیت حاصل ہو جائے گی بلکہ صیہونی مسجدِ اقصیٰ کو نقصان پہنچانے پر بھی پوری قدرت حاصل کر لیں گے اور یہ بات مسلمانوں کو ایسی ذلت و رسوائی سے دوچار کردے گی کہ وہ پھر کبھی شرمندگی سے نہیں نکل سکیں گے۔ مسلمانوں کی عزت اور ان کا وقار القدس کی بازیابی سے وابستہ ہے۔ امتِ مسلمہ کے لیے یہ مسئلہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک کڑی آزمائش اور بڑے امتحان کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس امتحان میں وہ پوری اتر کر ہی زندہ اور تابندہ رہ سکتی ہے۔

روزہ اور قرآن

القرآن

چند مقرر دنوں کے روزے ہیں اگر تم میں سے کوئی بیمار ہو یا سفر پر ہو تو دوسرے دنوں میں اتنی ہی تعداد پوری کرلے اور جو لوگ روزہ رکھنے کی قدرت رکھتے ہوں (پھر نہ رکھیں) تو وہ فدیہ دیں۔ ایک روزے کا فدیہ ایک مسکین کو کھانا کھلانا ہے اور جو اپنی خوشی سے کچھ زیادہ بھلائی کرے تو یہ اسی کیلئے بہتر ہے لیکن اگر تم سمجھو تو تمہارے حق میں اچھا یہی ہے کہ روزہ رکھو۔ (البقرہ ۱۸۴)

سحری ہرگز نہ چھوڑو!

السنۃ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ سحری میں برکت ہے اسے ہرگز نہ چھوڑو، اگر کچھ نہیں تو اس وقت پانی کا ایک گھونٹ ہی پی لیا جائے کیونکہ سحری کھانے پینے والوں پر اللہ تعالیٰ رحمت فرماتا ہے اور فرشتے دعائے خیر کرتے ہیں۔

(مسند احمد)

سیاسی رنگروٹ

غیر سیاسی باتیں
عبدالقادر حسن

نوابزادہ نصراللہ خان صاحب لاہور میں ہیں اور ایم آر ڈی کی سیاست کا بازار گرم ہے اس سیاسی اتحاد کے کارکن اور لیڈر کونوں کھدروں سے نکل آئے ہیں۔ اور نوابزادہ صاحب کے استقبالیوں میں ہجوم کیے ہوئے ہیں۔ سیاست کی منڈی میں میلے کا سا سماں ہے لاہور والوں کی مشہور کہاوت ہے کہ "ست دہاڑے تے اٹھ میلے گھر جاواں میں کیہڑے ویلے"۔ یعنی سات دن ہیں اور آٹھ میلے ہیں اب گھر کس وقت جاؤں۔ بس کچھ ایسا ہی حال نوابزادہ صاحب کے اعزاز میں منعقد ہونے والی دعوتوں کا ہے ایم آر ڈی والوں نے نوابزادہ صاحب کو صرف ناشتہ گھر میں کرنے کی اجازت دی ہوئی ہے۔

نوابزادہ صاحب کی رہائی پر یار لوگوں کی رونق کا مسئلہ تو حل ہو گیا ہے لیکن سیاست کا مسئلہ اب تک حل کا منتظر ہے ہر کھانے کی دعوت پر میزبان کے ذاتی دوست احباب کے علاوہ صدری کی ساری ایم آر ڈی موجود ہوتی ہے پیپلز پارٹی کے کل کے جانی دشمن اور آج کے دوست پیپلز پارٹی کے گلے میں بانہیں ڈالے ہوتے ہیں۔ پیپلز پارٹی جو کل تھی وہی آج بھی ہے بلکہ اس سے بدتر حالت میں کیونکہ بھٹو صاحب کی موجودگی میں کم از کم اتنا ضرور تھا کہ اس پارٹی میں کوئی ایک ایسا آدمی موجود تھا جس کے سامنے سب چپ ہو جاتے تھے اس لئے اس ہجوم میں کچھ ڈسپلن آ جاتا تھا اب تو یہ بھی نہیں ہے اور جتنے منہ اتنی باتیں۔ جتنے ہاتھ اتنے تھپڑ اور جتنی ٹانگیں اتنی لاتیں ہیں جس مزاج اور طور طریقوں کے یہ لوگ ہیں پوری قوم اس سے اچھی طرح واقف ہے۔

ان دنوں ہمارے سوشلزم شیخ رشید صاحب اور ان جیسی کے درمیان جنگ جاری ہے ترقی پسند ملک سے باہر ہیں مگر یہ وطن میں بھی لڑنے جھگڑنے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے ملک کے اندر یہ ابھی خاموش ہیں اور اپنے حواریوں یعنی ایم آر ڈی میں شامل دوسری جماعتوں کی وفاداریوں کے امتحان میں مصروف ہیں بلکہ تماشا دیکھ رہے ہیں کہ کون کتنا بڑھ چڑھ کر اپنے آپ کو ان کی پارٹی کا وفادار ثابت کرتا ہے یہ اس وقت کے منتظر ہیں جب ان کے اصل لیڈر ملک میں واپس آئیں گے تو یہ اپنے حواریوں کی وفاداریوں کے مطابق ان سے بیٹھک شروع کریں گے اس بیٹھک کا وقت قریب ہے بشرطیکہ حکومت خوشی سے نہیں بلکہ مجبوری سے الیکشن کرانے کا پروگرام دے چکی ہے اور اب اس پروگرام کو منسوخ کرنے کا کوئی حل ملنا آسان نہیں ہے لیکن حکومت اگر ایک طرف جماعتی انتخابات میں پس و پیش کر رہی ہے تو دوسری طرف وہ ۱۹۷۳ء کے آئین میں بھی جب منشاء اور ضرورت ترمیم کا ارادہ رکھتی ہے انہی دو مسئلوں پر جنگ ہونے والی ہے اور سامنا فوج سے ہوگا اس لئے کچھ رنگروٹوں کی ضرورت پڑے گی یہ رنگروٹ ان عناصر سے لئے جانے کی نیت ہے جو اچھل اچھل کر پیپلز پارٹی سے اظہار وفاداری میں مصروف ہیں ایم آر ڈی کی مالک پارٹی کے لیڈروں کو یقین ہے کہ وہ کسی مزاحمت کی صورت میں قربانی کے بکرے کافی تعداد میں اپنے لیڈروں کی خدمت میں پیش کر سکیں گے کیونکہ انکی صفوں میں تو صرف جیالے ہی ہیں وہ جیالے جو لیڈر کو بچانے کے لئے انگلی بھی نہ کٹا سکے سر کیا کٹائیں گے جبکہ ان کے حواریوں اور رنگروٹوں میں ایسے سرپھروں کی کمی نہیں جو لڑنا بھڑنا جانتے ہیں اور پیپلز پارٹی والے ان سے اچھی طرح واقف ہیں۔

پیپلز پارٹی کی بے بسی اور بے کسی کا اندازہ اس سے بھی ہوتا ہے کہ جب تک نوابزادہ صاحب رہا ہو کر باہر نہیں آئے تھے ان جیالوں کا دور دور تک پتہ نہ تھا اور کہیں ان کا کھوج نہیں ملتا تھا مگر اس بوڑھے کے کندھے پر بندوق رکھنے کے لئے اب ہر ہاتھ بے تاب ہے کیونکہ انہیں معلوم ہے کہ اس بزرگ میں اب بھی اتنی طاقت باقی ہے کہ وہ جہاں کھڑا ہے وہاں کھڑا ضرور رہے گا علاج کے بہانے ملک سے باہر نہیں جائے گا اور جان بچانے کے لئے کوئی حیلہ نہیں کرے گا۔



زندہ تحریریں

ایک اہم خصوصیت

دوسری تمام عبادتوں کے مقابلے میں روزے میں ایک بہت ہی خاص بات ہے۔ ہر عبادت جب ادا کی جاتی ہے تو کم سے کم اس کی صورت کوئی نہ کوئی ضرور دیکھتا ہے۔

کلمہ پڑھنا، نماز ادا کرنا، زکوٰۃ دینا، حج کو جانا، قربانی کرنا۔ غرض یہ سب عبادتیں ایسی ہی ہیں جن کا علم دوسروں کو ہو سکتا ہے لیکن روزہ ایک ایسی عبادت ہے جس کا معاملہ صرف اللہ اور بندے کے درمیان ہوتا ہے۔ روزے کو کوئی دیکھ نہیں سکتا۔ اگر کوئی چھپ کر کھا پی لے اور کہہ دے کہ میں روزے سے ہوں تو لوگ سمجھ جائیں گے کہ روزہ دار ہے۔ روزہ وہی رکھتا ہے جس کو یہ یقین ہوتا ہے کہ اللہ ہر چھپی چیز کا جاننے والا ہے۔ کوئی کام اس سے چھپ کر نہیں کیا جا سکتا۔ اسی لیے وہ روزے میں چھپ کر بھی کوئی کام ایسا نہیں کرتا جس سے روزہ جاتا رہے۔ پھر روزہ دار کو یہ بھی یقین ہوتا ہے کہ اسے اپنے روزے کا بدلہ صرف خدا سے لینا ہے۔ اور اگر وہ روزہ نہیں رکھے گا تو اللہ تعالیٰ اس سے ناخوش ہو جائے گا۔ اور آخرت کی زندگی میں اسے سخت عذاب بھگتنا پڑے گا۔ اسی لیے روزہ رکھنے سے اللہ پر اور آخرت پر ایمان مضبوط ہوتا ہے اور بندے کا تعلق اللہ تعالیٰ سے گہرا ہو جاتا ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا "روزہ میرے لیے ہے اور اسکا بدلہ دینا میرے ذمے ہے"۔

لیکن دوسری عبادتوں کی طرح روزے کا صحیح اثر اسی وقت ظاہر ہو سکتا ہے جب روزہ اچھی طرح سوچ سمجھ کر رکھا جائے سوچ سمجھ کر اللہ تعالیٰ کو حاضر و ناظر جانتے ہوئے اور صرف اسکی رضامندی کیلئے جو روزہ رکھا جائے گا۔ اس سے یقیناً روزہ دار کی کایا پلٹ سکتی ہے۔

مولانا عبدالحئی
(دینی باتیں)

جیتی جاگتی زندگی — نئی طرز آپ کے نفسیاتی مسائل کا حل پیش کرتی ہیں

قبل از وقت

میری عمر ۱۶ سال کی تھی کہ جب میری شادی ہو گئی۔ دراصل میں نے میٹرک کے بعد پڑھنا چھوڑ دیا تھا بس ایسے ہی پڑھائی میں خاص دلچسپی نہ تھی۔ امی ابو نے کہا اگر پڑھائی جاری نہیں رکھنی تو شادی کر لو۔ میں نے کہا شادی ہی کر دیں۔ حالانکہ میں یہ نہیں چاہتی تھی کہ میں کسی سے محبت کرتی تھی بس یہ تھا کہ پڑھنے سے جان چھوٹے گی۔ امی ابو نے اچھا رشتہ ڈھونڈ کر مجھے رخصت کر دیا۔ میں تو شکر کرتی ہوں کہ وہ لڑکا میرے لئے اچھا شوہر ثابت ہوا۔

میں ساڑھے تین سال میں تین بچے پیدا کر چکی ہوں۔ دو لڑکے اور ایک لڑکی۔ تینوں بچوں نے مجھے پاگل بنا دیا ہے۔ سوچتی ہوں کہ میں خود کو سرالائیز کروا لوں تاکہ آئندہ بچے پیدا نہ ہوں۔ مجھے گولیاں وغیرہ کھانا پسند نہیں۔ اس وقت میری عمر ۲۰ سال ہے۔ میرے شوہر ۲۳ سال کے ہیں۔ وہ میرے اس فیصلے پر اتفاق نہیں کرتے۔

۔ طاہرہ الف (نام و پتہ)

مجھے بھی ان کی رائے سے اتفاق ہے۔ ٹھیک ہے آپ عملی زندگی کے تقاضے سمجھ کر سوچ سمجھ کر پلان تیار کرنا پڑتا ہے۔ آمدنی آتی ہے اتنے بچے ہوں گے قرآن کی تعلیم بہتر اسکولوں میں ہو گی۔ انہیں بہتر غذا مل سکے گی۔

لیکن فطرت کے خلاف قدم اٹھانا کسی طرح بھی مناسب نہیں ہے۔ یہ "کل" جو ہم سے پوشیدہ ہے اس میں نہ جانے کیا حالات ہوں۔ اچھی صحت اور کیسے بچوں کی ضرورت ہو۔ پھر آپ کی عمر ہی کیا ہے۔ چالیس پینتالیس سال کی عمر تک یہ قدم اٹھانے میں بہت کم خدشات موجود ہوتے ہیں۔ احتیاط کریں۔ اچھے ڈاکٹر سے مشورہ کریں اور زندگی کو فطری انداز میں چلنے دیں۔ آپ کا یہ ارادہ بہت قبل از وقت ہے۔

نعمتوں کا شمار

[illegible]

ڈاکٹر کا خوف

[illegible]

اسلامی تہذیب اور عورت

[illegible]

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ

رمضان المبارک آداب اور اہمیت

تحریر: حمیدہ جلیل

[illegible]

آمین ثم آمین

خوش کن وعدوں کے بجائے عزت نفس کو تحفظ فراہم کیا جائے خواتین سیرت کانفرنس کا مطالبہ

جماعتی بنیادوں پر آزادانہ انتخابات کرائے جائیں

انتخابات کے بعد فوج کو صرف سرحدوں کی حفاظت پر مامور کیا جائے

[illegible]

[illegible]

ادب و ثقافت

سامعین شور مچا کر اور شعراء شعر سنا کر ایک دوسرے کو ہوٹ کرتے رہے

●● مصحفی کا شمار اردو کے چیدہ شاعروں میں ہوتا ہے۔ وہ بقول محمد حسین آزاد دلی کے رہنے والے تھے انہوں نے دلی سے اپنے تعلق کو بڑے فخر کے ساتھ بیان کیا ہے مثلاً:

دلی کہیں ہیں جس کو زمانے میں مصحفی
میں رہنے والا ہوں اسی اجڑے دیار کا

اس صورت حال کے باوجود مصحفی کو امروہے سے اور امروہے کو مصحفی سے پہچانا گیا۔ اس کا سبب شاید یہ ہے کہ مولانا محمد حسین آزاد نے "آب حیات" میں مصحفی کے کلام پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے ...

[illegible]

خوشی کی بات ہے کہ ہمارے کرم فرما منظر علی خان منظر نے بھی مشاعرے میں شرکت کی، شاعر کی حیثیت سے نہیں بطور سامع کے۔ منظر صاحب مشاعروں میں شاعر کی حیثیت سے کم جانا پسند کرتے ہیں ...

[illegible]

سخن در سخن

خامہ بگوش کے قلم سے

[illegible]

یوم پاکستان کے جلسہ میں رام لعل کے تاثرات

تحریر: محمد فضل الرب

[illegible]

غزل

نعیم نگاہ

وحشت میں بھی شرمندہ صحرا نہیں ہوتے
کچھ لوگ بکھر کر بھی تماشا نہیں ہوتے

جاں دیتے ہیں جان دینے کا سودا نہیں کرتے
شرمندۂ اعجاز مسیحا نہیں ہوتے

ہم خاک تھے پر جب اسے دیکھا تو بہت روئے
سنتے تھے کہ صحرا میں دریا نہیں ہوتے

اک تار گریباں کا رہے دھیان کہ سب لوگ
محفل میں تو ہوتے ہیں شناسا نہیں ہوتے

HAJ 1404 / (1984)

وللہ علی الناس حج البیت من استطاع الیہ سبیلا

- Accepting Applications for Hajj from any part of the world
- Arabic, Urdu and English Speaking Guides
- You could sponser any person regardless of country of residence

TWO GROUPS **10 DAYS** and **15 DAYS**

EXPERTLY CONDUCTED

INCLUDES

★ Return Air Fare ★ Three Meals Daily
★ Guides ★ Land Transportation
★ Accommodation ★ Madina Visit



US$2,550 from New York
Other originating points vary slightly
Wire, Telex or Phone:

North American Haj Committee
P.O. Box 214 Station 'N'
Toronto, Canada M8V 3T2
Telex: 06-97862 (Attention: HAJ)
Telephone: (416) 278-0729

جنرل ارشاد نے حزب اختلاف کے آگے گھٹنے ٹیک دیے انتخابی پروگرام منسوخ

پارلیمانی انتخابات موسم سرما میں اور صدارتی اس کے بعد ہوں گے

مارشل لاء انتخابات کے بعد ہی اٹھایا جائیگا۔ نشری تقریر میں جنرل ارشاد کا اعلان

مستند شہروں میں یوم بنیادی حقوق

روس نے لاس اینجلز اولمپک کھیلوں کا بائیکاٹ کردیا

امریکی حکومت اور کھیلوں کے منتظمین کا رویہ نا روا ہے: روس

امریکہ نے بین الاقوامی اولمپک کمیٹی کے فیصلہ کو نظر انداز کیا ہے

ماسکو — روس نے لاس اینجلز میں منعقد ہونے والے اولمپک کھیلوں کے بائیکاٹ کا اعلان کیا ہے روس نے ایک اعلان میں کہا ہے کہ اس فیصلہ کی وجہ امریکی حکومت اور اولمپک کھیلوں کے منتظمین کا نا روا رویہ ہے روسی خبر رساں ایجنسی تاس کے مطابق روس کی قومی اولمپک کمیٹی یہ اعلان کرنے پر مجبور ہوئی ہے کہ لاس اینجلز میں ۲۳ ویں اولمپکس میں روسی کھلاڑیوں کی شرکت ممکن نہیں رہی۔ اس سے قبل روس کی طرف سے یہ شکایات کی گئی تھیں کہ امریکہ کی طرف سے اولمپک چارٹر کی کھلم کھلا خلاف ورزی کی جا رہی ہے۔ ۲۴ اپریل کو انٹرنیشنل اولمپک کمیٹی نے اپنے فیصلہ میں کہا تھا کہ روس کی شکایات صحیح ہیں لیکن امریکی حکام نے اس فیصلہ کو بھی نظر انداز کردیا۔ روس کے بیان میں کہا گیا ہے کہ امریکہ ان کھیلوں کو سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کر رہا ہے۔

امرکرہ قادیانیوں کا اہم اجلاس

مسجد اقصیٰ پر حملے کی یہودی سازش کا انکشاف

یہ منصوبہ دہشت گردوں کے ایک گروہ نے تیار کیا تھا

ڈیفنس کمپلیکس کی تعمیر ۹۰ فیصد مکمل ہوگئی

حیدرآباد کے قریب ٹنڈو عالم میں تیل نکل آیا

یہاں سے فی الوقت ۲۲ سو سے ۳ ہزار بیرل یومیہ تیل حاصل ہو سکے گا۔ ڈاکٹر اسد

حیدرآباد، سانگھڑ، نوابشاہ، خیرپور اور شہداد پور میں بھی تیل ملنے کا امکان

جماعت اسلامی کو ایم آر ڈی میں شامل کرنا بے سود ہوگا

سیاسی پناہ گزینوں کے خلاف کارروائی

مختصر اشتہارات

مختصر اشتہارات کا معاوضہ
صرف 10 ڈالر ہے
جس کی ادائیگی پیشگی ضروری ہے

امریکن گرین کارڈ کے حامل ۳۲ سالہ سنی مسلمان، برسر روزگار ۸-۵ فٹ ۱۲۵ پاؤنڈ وزن کے خوش شکل لڑکے کیلئے اعلیٰ تعلیمیافتہ، خوبصورت اور ۲۲ تا ۲۷ سالہ لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ مزید معلومات کے لئے اس پتہ پر رابطہ قائم کیجئے۔

.K. Corporation
O. Box 478172
icago, Ill. 60647
12) 486-3558, U.S.

لندن انگلینڈ میں مقیم ۳۵ سالہ لیڈی ڈاکٹر کے لئے ڈاکٹر، انجینئر یا پروفیشنل کا رشتہ مطلوب ہے۔ خواہشمند حضرات تفصیلات کیلئے الہلال کی معرفت رجوع کریں۔

S.H. c/o al-Hilal

ایمیلی کار پبلک سکول اسکاربرو میں شام کی کلاس میں قرآن پاک کی تعلیم دی جاتی ہے۔ موسم گرما میں صبح اور شام کی کلاسوں کے ذریعے اپنے بچوں کو قرآن پاک کی تعلیم دلوانے کے لئے جناب قاضی امین بنگش سے (416) 282-6803 پر رابطہ قائم کریں۔

اسلامی اقدار کے حامل اخلاقی و معیاری رشتوں کے خواہشمند مندرجہ ذیل پتہ پر اعتماد کے ساتھ لکھیں۔ (خدمات فی سبیل اللہ ہیں)

Br. Hasan,
P.O. Box 503,
Station 'A',
Toronto, Ont.
M5W 1E4

Shiblee Canada
Letter Press/Off Set Printing
Photocopy
Ask us About Labels & Tags
110-220 Portable Radio & Cassette Recorders
Audio/Video Cassettes
VCR Movie Rental
ہندوستانی و پاکستانی ویڈیو فلمز کرایہ پر حاصل کرنے کے لیے ہم سے رجوع فرمائیں۔
Try us for
Courteous Service and Satisfaction Guaranteed
Mon — Sat 10am - 6pm
988 Danforth Ave (at Donlands)
Toronto, Ont. M4J 1L9
(416) 465-9726

New Store in SCARBOROUGH
3258 Lawrance Ave. East
(One block East of McCowan)
تازہ حلال گوشت • تازہ حلال مرغیاں
ہر قسم کی اعلیٰ گروسری - تازہ سبزیاں
SPICE TOWN
2210 Dundas Street West
(Near Jami Mosque)
Phone: (416) 532-8267

شہر میں نوجوانوں کی احتجاجی کارروائیاں

کراچی —

پاکستان کو ہتھیاروں کی فراہمی پر امریکی نائب صدر سے اندرا کا احتجاج

علاقہ کا فوجی توازن بگڑ جائے گا، ہم خلوص کے ساتھ پاکستان سے اچھے تعلقات چاہتے ہیں، اندرا گاندھی

نئی دہلی —

امریکی ہتھیار بھارت کے خلاف استعمال نہیں ہونگے، جارج بش

بھارتی وزیراعظم روس کو افغانستان پر قبضہ ختم کرنے پر آمادہ کریں

جنگ فورم میں امریکی نائب صدر مسٹر جارج بش کی آمد کے حوالے سے ایک مجلس مذاکرہ

پاک امریکی تعلقات میں یکطرفہ مصلحتوں کی بجائے باہمی مفادات کا احترام ضروری ہے

واشنگٹن کو چاہئے کہ ایرانی انقلاب کو قبول کرے تاکہ خلیج میں دیرپا امن قائم ہو سکے: حنیف رامے

ان کی دوستی کا ہاتھ اسی وقت بڑھتا ہے جب انہیں اپنے لیے اس کی ضرورت ہوتی ہے: اعتزاز احسن

امریکہ کو افغان عوام سے بالا بالا روس کو کسی قسم کی گارنٹی دینے کا کوئی حق حاصل نہیں: چوہدری غلام جیلانی

ہمیں اپنے تمام فیصلے دوسروں کے بجے نہیں بلکہ اپنے قومی مفاد کی خاطر کرنے چاہئیں: ملک حامد سرفراز

لاہور —

---

۱۲ اگست کا آئینی فارمولا ایوب خان کے آئین کا بھی باپ ہے، نصر اللہ

نظریاتی یا شخصی آمریت والے ملکوں میں جماعتی سسٹم ہوتا ہے

لاہور —

محمود ہارون ایران کا دورہ کریں گے

اسلام آباد — (اپ پ) وزیر داخلہ محمود ہارون ... ایران کا دورہ کریں گے ...

مسئلہ پروفیسر غلام اعظم کی شہریت کا

لاہور —

جدہ - راولپنڈی - لاہور - لندن - بمبئی - دہلی - ڈھاکہ

ٹکٹ اور دوسری معلومات کے لئے

ہماری خدمات حاضر ہیں

M & J TRAVEL

1240 BAY STREET
TORONTO, ONTARIO M5R 2A7
TEL. 960-8[illegible] / 960-8475

• حلال گوشت • حلال مرغیاں

اور تازہ ترین سبزیاں ہر روز حاصل کر سکتے ہیں

الفلاح

ALFALAH GROCER
2783 Dundas St. West
Toronto, Tel. 762-1633

Please Visit For
Halal Meat & Spices

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی پہلی دوکان

AFRO ASIAN
918 PAPE AVENUE
TORONTO
PHONE: 463-1287

fortnightly **al-Hilal**
Vol.13 No.5
May 25, 1984
50 ¢
Ph: (416) 474-9292, 493-4374
338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ont.
Canada M2H 2P6
Editor: **S. Sajjad Hyder**
Managing Dir. **M. Lateef Owaisi**

بمبئی میں بھارتی تاریخ کے بدترین مسلم کش فسادات

۴۰۰ مسلمانوں کو شہید کردیا گیا ۱۲ سو مکانات نذر آتش ۲ سو ٹیکسٹائل ملیں تباہ ۶ ہزار افراد بے گھر ۴۳ ہزار مسلمان گرفتار

بھیونڈی کا صنعتی علاقہ فوج کے حوالے کردیا گیا

مسلمانوں نے دہشت پسند ہندوؤں کی سرگرمیوں پر اعتراض کیا تھا

[illegible]

پاکستان کو امریکہ نے فوجی حلیف کے طور پر تیار کرلیا ہے : بی بی سی

وہ سعودی عرب میں بادشاہت کو خطرے کی صورت میں پاکستانی فوج کی امداد چاہے گا

[illegible]

سابقی ممالک کی شمولیت کے بغیر فوجی کارروائی نہیں ہوسکتی - امریکہ • انتہائی سنگین واقعات رونما ہونے والے ہیں - ایران

خلیج کی جنگ میں بڑی طاقتوں کے براہ راست ملوث ہونے کا خطرہ

ایران آبنائے ہرمز کو بند کرنے پر غور کر رہا ہے جو امریکہ سے تصادم کا باعث ہوگا

[illegible]

عراقی طیاروں نے دو بڑے جہاز میزائلوں سے غرق کردیئے

ایران کی طرف سے جوابی کارروائی کی دھمکی

[illegible]

ایران میں انتخابات کا دوسرا مرحلہ

[illegible]

خلیجی تعاون کونسل کو نیٹو جیسی تنظیم بنایا جائیگا

جنگ کے بڑھتے ہوئے خطرات کے پیش نظر تجویز پر غور

[illegible]

سیاسی جماعتوں کا نام بھی شائع نہیں ہوسکے گا

پاکستان کے اخبارات حزب اختلاف کے بیانات سے خالی ہوگئے

[illegible]

بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان

پندرہ روزہ

ٹورانٹو (کینیڈا)

الہلال

سالانہ زرخریداری (برائے الہلال) ۱۵ ڈالر

سالانہ زرخریداری (برائے کریسنٹ) ۲۰ ڈالر

سالانہ زرخریداری (برائے الہلال و کریسنٹ) ۳۵ ڈالر

Name ....

Address ....

....

Postal Code .... Telephone ....

زرخریداری کا چیک "کریسنٹ" کے نام لکھیے اور پتہ ذیل پر بھیجیے

338 Hollyberry Trail, Willowdale, Toronto, Ontario
Canada M2H 2P6 Ph: (416) 474-9292, 493-4374

اگر آپ اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی)

بطور نمونہ حاصل کرنا چاہیں تو یہاں نشان لگائیے →